**فا ستبقوا الخیرات ۔ پس تم بھلائیوں کی طرف سبقت کرو ۔ سورۃ البقرہ آیت ۱۴۸**

اسلام و علیکم پیاری بہنو،
انشاء اللہ یکم مئی سے تین مئی ۲۰۱۵ حلقہ نور الایمان ڈنمارک کی سالانہ تربیت گاہ اور یوتھ ونگ آف نور الایمان۔ یونی کا پروگرام ڈنمارک میں ہونے جا رہا ہے۔

پروگرام کو کامیاب بنانے کیلئے جہاں افرادی قوت درکار ہوتی ہے، وہیں مالی وسائل کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔
الحمد للہ، اب تک جب بھی ایسے مواقع آئے ہیں تو آپ بہنوں نے ہمیشہ اس میں بڑھ چڑھ کے حصہ لیا ہے۔

اسی امید کے ساتھ آپکو حلقہ نور الایمان کے بنک اکاؤنٹ کی تفصیلات بھیجی جا رہی ہیں تا کہ آپ اپنا ڈونیشن اس میں جمع کروا سکیں، چاہے تھوڑا ہو یا زیادہ ۔ اس سے فرق نہیں پڑتا، کیونکہ اللہ تعالی نیتوں کو دیکھتا ہے، اخلاص کو دیکھتا ہے اور اللہ کی راہ میں سبقت لے جانے والوں کو دیکھتا ہے۔ کیوں نہ ہم اس نیکی کے کام میں سبقت لے جانے والے بن جائیں؟

**حدیث مبارک ہے، زاد راہ ۔ حدیث نمبر ۲۲۹، خدا کے خزانے: حضرت حسن سے روایت ہے کہ حضور پاک صلی اللہ الیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالی فرماتا ہے، "اے آدم کے بیٹے، تو اپنا خزانہ میرے پاس جمع کر کے مطمئن ہو جا۔ نہ آگ لگنے کا خطرہ، نا پانی میں ڈوبنے کا اندیشہ اور نا چوری کا ڈر۔ میرے پاس رکھا گیا یہ خزانہ میں پورا تجھے دوں گا اس دن، جب تو اسکا سب سے زیادہ محتاج ہو گا" ۔**

آیئے اپنے خزانے اللہ تعالی کے پاس جمع کروائیں ، جہاں سے بہترین رزلٹ ملنا ہے۔

اپنا ڈونیشن درج ذیل اکاؤنٹ نمبر میں جمع کروا دیں۔ جمع کرواتے وقت ریفرنس کے خانے میں "یوتھ پروگرام ڈنمارک" ضرور لکھیں تا کہ آپکا فنڈ اسی مقصد کیلئے استعمال ہو سکے۔

Account holder name: Halqa Nooruliman
Account number: 0588953000
IBAN: DE89 3504 0038 0588 9530 00
Bank Code: COBADEFFXXX
Commerz Bank Germany

آپ سے یہ درخواست بھی ہے کہ باقی بہنوں کو بھی اس نیکی کے کام کے بارے میںمطلع کریں ۔

**حضرت ابو ہریرہ سے ایک حدیث روایت ہے کہ حضور پاک صلی اللہ الیہ وسلم نے فرمایا ، " جو شخص کسی کو نیک کام بتائے تو اسے اتنا ہی ثواب ملے گا جتنا کرنے والے کو۔ اور اللہ اس بات کو پسند کرتا ہے کہ مصیبت زدہ ، خواہ کوئی بھی ہو مسلم یا غیر مسلم، کی مدد کی جائے۔ زاد راہ، حدیث نمبر ۷۳**

اسکے ساتھ اگر آپ میں سے کوئی بہن تربیت گاہ میں شرکت کرنا چاہتی ہیں تو وہ ڈنمارک کی بہن شفق عدنان سے مندرجہ ذیل ای میل پہ رابطہ کر سکتی ہیں۔

Shafaq Adnan Denmark - email:  abiha21@ymail.com

دعائوں کی التجا کے ساتھ اور آپ سب کیلئے بہت دعا گو
آپکا حلقہ نور الایمان